عوام کے بنیادی مسائل کا حل ایم کیوایم کا نصب العین ہے، ریحانہ نسرین

بابا جزیرہ، بھٹ جزیرہ اور پانجیری پاڑہ میں منعقدہ خواتین کے اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔24،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے زیراہتمام بابا جزیرہ، بھٹ جزیرہ اور پانجیری پاڑہ بھٹہ ولیج میں خواتین کے اجتماعات منعقد کئے گئے جن سے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ریحانہ نسرین نے خطاب کیا۔اس موقع پرایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران بھی موجود تھیں۔اجتماعات میں بابا جزیرہ، بھٹ جزیرہ اور پانجیری پاڑہ کی خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے ریحانہ نسرین نے کہا کہ کراچی کے جزیروں پر برسوں سے آباد مکینوں نے مختلف سیاسی جماعتوں کے نمائندوں کو اپنا قیمتی ووٹ دیکر کامیاب بنایا لیکن انہوں نے عوام کے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی وخوشحالی پرکوئی توجہ نہیں دی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرسٹی گورنمنٹ کی حق پرست بلدیاتی قیادت نے ترجیحی بنیادوں پرشہر کے مختلف علاقوں میں فراہمی آب کے منصوبے کو یقینی بنایا ہے اور انشاءاللہ عنقریب کراچی کے جزائر میں آباد مکینوں کو فراہمی آب کا سلسلہ شروع ہوجائے گا۔انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت پسماندہ علاقوں میں ترجیحی بنیادوں پر سیوریج اور پانی کے مسئلے کو حل کررہی ہے اور اس سلسلے میں عملی کام ہورہا ہے جسے دنیا دیکھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کے بنیادی مسائل کا حل ایم کیوایم کا نصب العین اور حق پرست نمائندے عبادت سمجھ کر عوام کی خدمت کرتے رہیں گے۔

گلستان جوہر میں پانی کا مسئلہ حل کرنے کیلئے ٹرنک لائن ڈالنے اور 30لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی فراہمی کے منصوبے کی تکمیل سے علاقے کے عوام کا برسوں پرانا مسئلہ ہوگیا، ارکان سندھ اسمبلی کی حق پرست قیادت کو مبارکباد

کراچی۔۔۔24،نومبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق ارکان سندھ اسمبلی نے حق پرست بلدیاتی قیادت کی جانب سے گلستان جوہر میں پانی کا مسئلہ حل کرنے کیلئے ٹرنک لائن ڈالنے اور 30لاکھ گیلن یومیہ اضافی پانی کی فراہمی کا منصوبہ مکمل کرنے پرسٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال اور تمام حق پرست بلدیاتی نمائندوں کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گلستان جوہر کے مکین طویل عرصے سے پانی کی عدم فراہمی کے مسئلے کا شکار تھے اور حق پرست بلدیاتی قیادت نے علاقے میں پانی کی فراہمی کا دیرینہ مسئلہ حل کرکے ثابت کردیا ہے یہ وہ زبانی جمع خرچ کے بجائے عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت نمائشی اقدامات کے بجائے عوام کے بنیادی مسائل کے حل پر توجہ دے رہی ہے اور شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی فراہمی کے منصوبے بنائے جارہے ہیں جن سے نہ صرف لیاری اور شہر کے مضافاتی علاقوں بلکہ شہر بھر میں پانی کی فراہمی کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔سابق ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس کے مطابق حق پرست بلدیاتی قیادت بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

☆☆☆☆☆